**27.08.2024**
**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں آفتاب احمد
Music

..........................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے روس کے صدر ولادیمیر پوتن سے فون پر بات کی ہے اور روس- یوکرین تنازعہ کے جلد اور پُرامن حل میں تعاون کیلئے بھارت کے مستحکم عہد کو دوہرایا ہے۔
☆ جورج کورئین اور Ravneet سنگھ بٹّو سمیت BJP کے 12 ممبران اور کانگریس کے ابھیشک منو سنگھوی بلامقابلہ راجیہ سبھا کیلئے منتخب ہوئے ہیں۔
☆ جموں کشمیر میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے پرچہ داخل کرنے کا عمل آج ختم ہوگیا۔ کاغذات کی جانچ پڑتال کل ہوگی۔
☆ احتجاج کرنے والے طلباء کا، کولکاتہ میں کئی مقامات پر پولیس کے ساتھ تصادم ہوا۔ مظاہرین نے R.G. Kar میڈیکل کالج معاملے پر مغربی بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی کے استعفے کا مطالبہ کیا۔
☆ کیرالہ سرکار نے جسٹس Hema کمیٹی کی رپورٹ کے تناظر میں ملیالم فلم صنعت میں خواتین کے خلاف جرائم کی تفتیش کیلئے SIT تشکیل دی ہے۔ اداکار موہن لال نے ملیالم movie آرٹسٹس ایسوسی ایشن کے صدر کے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے۔
☆ اور...... گجرات اور بہار کے مختلف حصوں میں تیز بارش سے معمول کی زندگی متاثر ہوئی ہے۔

..........................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

### *PM Putin Talks*

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج روس کے صدر ولادیمیر پتن کے ساتھ فون پر بات کی اور روس-یوکرین تنازع پر نظریات کا تبادلہ کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ انھوں نے جناب پتن سے بات کی اور خصوصی کلیدی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کے اقدامات پر تبادلہٗ خیال کیا۔ وزیر اعظم نے مزید کہا کہ انھوں نے یوکرین کے اپنے حالیہ دورے کے بارے میں بھی اپنے تجربات شیئر کئے۔ انھوں نے تنازع کا جلد اور پُرامن حل کیلئے بھارت کی حمایت کے مستحکم عہد کو بھی دوہرایا۔x

## Rajya Sabha Elections

راجیہ سبھا میں آج ضمنی انتخاب ہوئے جس میں BJP کے 9، این ڈی اے اتحاد کے 2 اور کانگریس کے ابھیشیک منوسنگھوی بلا مقابلہ منتخب ہوئے ہیں۔ BJP کے بلامقابلہ منتخب ہونے والے امیدواروں میں آسام سے مشن رنجن داس اور رامیشور تیلی، بہار سے Manan کمار مشرا، ہریانہ سے کرن چودھری، مدھیہ پردیش سے جورج کورین، مہاراشٹر سے دِھریا سنگھ پاٹل، اڈیشہ سے ممتا موہنتا، راجستھان سے Ravneet سنگھ بِٹّو اور تریپورہ سے راجیو بھٹا چارجی شامل ہیں۔ کانگریس کے ابھیشیک منوسنگھوی تلنگانہ سے بلامقابلہ منتخب ہوئے ہیں۔ NCP اجیت پوار گروپ کے نتن پاٹل مہاراشٹر سے اور RLM کے اُپیندر کشواہا بہار سے ایوانِ بالا کیلئے منتخب ہوئے ہیں۔x

## Rev. India Brazil Meeting

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج اپنے برازیلی ہم منصب Mauro Vieira کے ساتھ نئی دلّی میں بھارت-برازیل مشترکہ کمیشن کی نویں میٹنگ کی مشترکہ طور پر صدارت کی۔ میٹنگ کے دوران، دونوں رہنماؤں نے تجارت، دفاع، توانائی، صحت، زراعت، خلاء اور ٹیکنالوجی میں باہمی تعاون سمیت، باہمی تعلقات کا جائزہ لیا۔ انھوں نے عالمی جغرافیائی-سیاسی صورتحال پر تبادلۂ خیال کیا اور گلوبل ساؤتھ کی تشویشوں اور امنگوں اور برکس، IBSA اور جی-ٹوینٹی کے کام کاج پر بات کی۔ میٹنگ میں اپنے افتتاحی کلمات میں ڈاکٹر ایس جے شنکر نے برازیل کی جی-ٹوینٹی صدارت کیلئے بھارت کی مکمل حمایت کا اعادہ کیا۔ فی الحال برازیل جی-ٹوینٹی کی صدارت کر رہا ہے۔

جی-ٹوینٹی کی سربراہ میٹنگ اس سال 18 سے 19 نومبر کے درمیان Rio de Janeiro میں ہوگی۔ ڈاکٹر جے شنکر نے انصاف پر مبنی دنیا اور پائیدار کرۂ ارض کے موضوع پر مرکوز برازیل کے منفرد اقدامات کی ستائش کی۔ انھوں نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ 2006 میں شروع ہونے والی بھارت-برازیل کلیدی شراکت داری گزرتے وقت کے ساتھ مزید متنوع ہوئی ہے۔ انھوں نے یہ بھی بتایا کہ بھارت کو برازیل میں بھارتی ثقافت، پرفارمنگ آرٹ اور فلسفہ کی بڑھتی ہوئی مقبولیت سے خوشی ہو رہی ہے۔ بھارت اور برازیل کے درمیان مشترکہ اقدار پر مبنی کثیر رُخی تعلقات ہیں۔ وزارت خارجہ کے مطابق وزیرخارجہ Vieira کا دورہ کلیدی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے اور باہمی، علاقائی اور عالمی سطح پر مختلف شعبوں میں تعاون کے نئے مواقع تلاش کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔x

## J&K Nomination

جموں وکشمیر میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے پرچۂ نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج ختم ہوگیا۔ اِس مرحلے میں چھ اضلاع کی 24 سیٹوں پر 18 ستمبر کو ووٹنگ ہوگی۔ کاغذات کی جانچ پڑتال کل ہوگی، جبکہ نام واپس لینے کی آخری تاریخ 30 اگست ہے۔ اگلے دو مرحلوں کی ووٹنگ 25 ستمبر اور یکم اکتوبر کو ہوگی۔ نتائج کا اعلان چار اکتوبر کو ہوگا۔

مرکز کے زیر انتظام علاقے میں 90 اسمبلی حلقوں میں سے 74 حلقے غیرمختص ہیں جبکہ سات SC امیدواروں اور 9 سیٹیں، ST امیدواروں کیلئے مختص ہیں۔x

## TASK Force Meeting.

طبی شعبے سے وابستہ پیشہ ور افراد اور اہلکاروں کے تحفظ، سلامتی اور کام کرنے کے حالات سے متعلق سفارشات کے لیے سپریم کورٹ نے جو، قومی ٹاسک فورس بنائی ہے، اُس کی پہلی میٹنگ آج ہوئی۔ کابینہ سکریٹری نے میٹنگ کی صدارت کی، جس میں داخلہ سکریٹری اور صحت سکریٹری سمیت تمام ممبر موجود تھے۔ میٹنگ میں مختلف معاملات پر تفصیلی تبادلہٗ خیال کیا گیا اور ممبروں نے اپنے اپنے سفارشات پیش کیے۔ صحت کی مرکزی وزارت نے ملک بھر کے لوگوں اور مختلف متعلقہ فریقین سے مشورہ حاصل کرنے کیلئے اپنی ویب سائٹ پر Suggestions to NTF نامی ایک قومی پورٹل تشکیل دیا ہے۔پیش ہے ایک رپورٹ............

V/C Anand Kumar

قومی پورٹل نے آج سے کام کرنا شروع کردیا ہے۔ اہم متعلقہ فریقوں اور پورٹل پر موصول ہونے والی سفارشات کو وزارتِ صحت مزید تبادلہٗ خیال کیلئے قومی ٹاسک فورس کے سامنے رکھے گی۔ صحت کے مرکزی سکریٹری NTF کے ممبروں کے ساتھ مل کر مختلف اہم متعلقہ فریقوں کے ساتھ مزید صلاح ومشورہ کریں گی۔ NTF ممبروں نے بتایا کہ مختلف متعلقہ فریقوں نے براہِ راست اُن سے رابطہ کیا ہے اور اُنھیں الگ الگ لوگوں سے تقریباً تین سو سے چار سو مشورے حاصل ہوئے ہیں۔ریاست کے چیف سکریٹریوں اور DGPs کے ساتھ بھی میٹنگ کل ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے کی جائے گی تاکہ طبی پیشہ وروں کی سکیورٹی سے متعلق قلیل مدتی اقدامات پر تبادلہٗ خال کیا جاسکے۔

مرکزی داخلہ سکریٹری اور مرکزی صحت سکریٹری مشترکہ طور پر میٹنگ کی صدارت کریں گی۔

*آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی*

وزارت نے ریاستوں سے درخواست کی ہے کہ وہ ریاست کے طبی اداروں میں موجود سکیورٹی کے اقدامات کی تفصیلات فراہم کریں۔x

## WB - BJP Students Rally

کولکاتہ میں طلباء کے مختلف گروپوں کی جانب سے Nabanna Abhijan ریلی کے دوران ہاوڑہ Bridge، Foreshore روڈ اور ہاوڑہ میں Santragachi سے پولیس اور احتجاج کرنے والے افراد کے درمیان جھڑپوں کی خبریں موصول ہوئی ہیں۔ احتجاج کرنے والے R.G. Kar میڈیکل کالج اور اسپتال کے واقعے پر مغربی بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی کے استعفے کی مانگ کر رہے ہیں۔ مظاہرین کو کئی مقامات پر روکا گیا۔ جب انھوں نے رکاوٹوں کو توڑا تو پولیس نے ہجوم کو منتشر کرنے کیلئے لاٹھی چارج کیا، پانی کی بوچھار اور آنسو گیس کا استعمال کیا۔

ریاستی سرکار Nabanna کے نزدیک امتناعی احکامات پہلے ہی نافذ کرچکی ہے، جس کے تحت پانچ یا اِس سے زیادہ افراد کے یکجا ہونے پر روک لگا دی گئی ہے۔ x

## JJP ASP Haryana Alliance

جَن نائک جنتا پارٹی، JJP اور آزاد سماج پارٹی (کانشی رام) ASP نے آنے والے ہریانہ اسمبلی انتخابات

کیلئے اتحاد قائم کیا ہے۔ JJP کے رہنما Dushyant سنگھ چوٹالہ اور ASP کے صدر چندر شیکھر آزاد نے نئی دلّی میں ایک مشترکہ پریس کانفرنس میں یہ اعلان کیا۔ جناب چوٹالہ نے کہا کہ اتحاد، ہریانہ میں سبھی 90 اسمبلی سیٹوں پر چناؤ لڑے گا۔ جے جے پی 70 سیٹوں پر، جبکہ ASP ، 20 سیٹوں پر چناؤ لڑے گی۔ ہریانہ میں واحد مرحلے میں یکم اکتوبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ووٹوں کی گنتی، جموں کشمیر کے ساتھ 4 اکتوبر کو ہوگی۔ x

## [Kerala Film Mohanlal Resigns]

کیرالہ سرکار نے ملیالم فلم صنعت میں خواتین کے خلاف جرائم کی تحقیقات کیلئے ایک سات رکنی خصوصی تفتیشی ٹیم SIT تشکیل دی ہے۔ یہ قدم جسٹس K. Hema کمیٹی کی رپورٹ کے بعد اٹھایا گیا ہے، جس میں ملیالم فلم صنعت میں خاتون پیشہ وروں کو ہراساں اور اُن کے ساتھ نازیبا سلوک کیے جانے کا تفصیلی ذکر کیا گیا ہے۔ اِس سے متعلق ایک واقعہ یہ ہوا ہے کہ اداکار موہن لال نے آج ایسوسی ایشن آف ملیالم movie آرٹسٹس، AMMA کے صدر کے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ جسٹس Hema کمیٹی رپورٹ کے پیش نظر موہن لال اور AMMA کی پوری 16 رکنی ایگزیکیٹو کمیٹی نے اجتماعی طور پر استعفیٰ دے دیا ہے۔ x

## [Gujarat Heavy Rains]

گجرات کے مختلف مقامات پر پچھلے تین دن سے لگاتار تیز بارش ہو رہی ہے جس کی وجہ سے معمول کی زندگی بری طرح متاثر ہوئی ہے۔ ریاست کے 75 باندھوں میں پانی اوپر بہہ رہا ہے جبکہ 45 سے زیادہ باندھ ہائی الرٹ پر ہیں۔اِسی دوران، بھارتی محکمۂ موسمیات نے آج گجرات کے کئی اضلاع میں موسلادھار بارش کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ راجستھان کے اوپر ہوا کے کم دباؤ کی وجہ سے آج جنوبی راجستھان کے کچھ علاقوں میں تیز سے بہت تیز بارش کی توقع ہے۔بہار میں کئی ندیوں، بشمول گنگا، گنڈک، کوسی اور مہانندا میں پانی کا بہاؤ عروج پر ہے جس سے ریاست کے سات ضلعوں میں سیلاب آ گیا ہے۔ بہار کے بھاگلپور، کٹیہار، کھگڑیا، پٹنہ اور مونگیر ضلع سیلاب سے سب سے زیادہ متاثر ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے............

V/C Dharmendra

بھاگلپور ضلعے کے 8 سے زیادہ بلاکس، گنگا ندی میں پانی کی مقدار بڑھنے سے آئے سیلاب سے متاثر ہیں۔

نوگاچیا، کہل گاؤں، سلطان گنج، اسماعیل پور، گوپال پور، رانگڑا اور نارائن پور میں سیلاب کے قہر کا سب سے زیادہ اثر پڑا ہے۔نقل مکانی پر مجبور لوگوں نے راحت کیمپوں اور اونچے علاقوں میں پناہ لے رکھی ہے۔ سیلاب متاثرین کیلئے ضلع انتظامیہ نے کمیونٹی کچن شروع کئے ہیں۔ پٹنہ ضلع میں سیلاب کے تناظر میں ندی کے کنارے اور نشیبی علاقوں میں واقع 76 اسکولوں کو بند کردیا گیا ہے۔

پٹنہ سے دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## NSD Rang Shashthi

نیشنل اسکول آف ڈرامہ، NSD کی Repertory کمپنی، بھارتی تھیٹر صنعت میں اپنے ذریعے دیئے گئے تعاون کے 60 سال مکمل ہونے پر ''رنگ شاشٹھی'' تقریب کا انعقاد کر رہی ہے۔ 17 دنوں تک چلنے والی یہ تقریب نئ دلّی میں NSD کی عمارت میں منعقد ہو رہی ہے۔ رنگ شاشٹھی کے تحت، بھارت کے نامور ادیبوں اور ڈرامہ نگاروں کے لکھے ڈرامے پیش کئے جائیں گے۔ ساتھ ہی تبادلۂ خیال پر مبنی سیمینار ہوں گے جس میں NSD کے فارغ طلباء شریک ہوں گے۔x

## Jai Shah ICC Chairman

BCCI کے موجودہ اعزازی سکریٹری جے شاہ کو بلامقابلہ ICC کا independnet صدرنشیں چن لیا گیا ہے۔ جناب شاہ اِس عہدے کیلئے واحد امیدوار تھے۔ وہ اِس سال پہلی دسمبر کو اپنی ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔ 35 سالہ شاہ اِس عہدے پر فائز ہونے والے سب سے کم عمرشخص بن گئے ہیں۔ اِس مہینے کی 20 تاریخ کو یہ اعلان کیا گیا تھا کہ ICC کے موجودہ صدرنشیں Greg Barclay تیسری میعاد کیلئے چناؤ نہیں لڑیں گے اور وہ اِس سال نومبر میں اپنی میعادمکمل ہونے کے بعد سبکدوش ہوجائیں گے۔ x

## India Paralauympics

پیرالمپکس کھیل مقابلے، کل سے پیرس میں شروع ہو رہے ہیں۔ بھارتی پیرا اَتھلیٹس کا 84 ارکان پر مشتمل دستہ اِن کھیلوں میں سونے کے تمغ حاصل کرنے کیلئے اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کو تیار ہے۔ پیرالمپکس میں بھیجا گیا اب تک کا یہ سب سے بڑا دستہ ہے۔ بھارت نے 2021 میں ٹوکیو پیرالمپکس میں سونے کے پانچ تمغوں سمیت ریکارڈ 19 تمغ حاصل کیے تھے اور مجموعی درجہ بندی میں اُس کا 24 واں مقام تھا۔ گزشتہ برس ہانگزو ایشیائی پیرا کھیلوں میں بھارتی کھلاڑیوں نے سونے کے 29 تمغ سمیت 111 تمغ جیتے تھے جو ایک ریکارڈ ہے۔ ہانگزو میں تمغ جیتنے والے کئی کھلاڑی، اِس پیرالمپکس ٹیم میں شامل ہیں مثلاً عالمی ریکارڈ کے حامل نیزہ پھینکنے والے Sumit Antil اور رائفل نشانے باز Avani Lekhara، یہ دونوں کھلاڑی سونے کے تمغوں کا دفاع کریں گے جو انھوں نے ٹوکیو میں جیتا تھا۔ بھارت اِس بار 12 کھیلوں میں حصہ لے رہا ہے۔ x

## US Open Tennis

US Open Tennis ٹورنامنٹ میں آج نیویارک میں Iga Swiatek، Carlos Alcaraz اور Jannik Sinner اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ مردوں کے عالمی نمبر ایک Jannik Sinner، ڈوپنگ کے معاملے میں فیصلے کا اعلان کیے جانے کے بعد پہلی بار کھیل رہے ہیں، جبکہ Carlos Alcaraz، اِس سال کے تین سابقہ گرینڈ Slam جیت چکے ہیں۔ Swiatek اور Alcaraz، دو ہزار 22 میں US Open چمپئن تھے اور اِس سال کے آخری گرینڈ slam کیلئے نیویارک آئے ہیں۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆